**AQF / Fazil**

**27-02-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ..................................شگفتہ یاسمین

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج صبح ٹکنالوجی، اصلاحات اور وِکست بھارت کیلئے سرمایہ فراہم کرنے کے موضوع پر بجٹ کے بعد کے **Webinar** سے خطاب کریں گے۔

2- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج جیسلمیر میں بھارتی فضائیہ کی مشق **Vayu Shakti** کا مشاہدہ کریں گی۔

3- مہاراشٹر کی نائب وزیر اعلیٰ **Sunetra Pawar** کو اتفاقِ رائے سے **NCP** کی قومی صدر منتخب کیا گیا ہے۔ پارٹی نے اجیت پوار کے بیٹے **Parth** کو راجیہ سبھا سیٹ کا امیدوار بنائے جانے کا اعلان بھی کیا ہے۔

4- کناڈا کے وزیر اعظم **Mark Carney** بھارت کے **4** دن کے دورے پر آج ممبئی پہنچ رہے ہیں۔

5- افغانستان نے، پاکستان کے خلاف جوابی حملے کیے ہیں۔ پاکستان کے **55** فوجی مارے گئے ہیں، جبکہ دو فوجی اڈّوں اور **19** چوکیوں پر قبضہ کر لیا گیا ہے۔

6- اور مردوں کے **ICC** ٹی-ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں چنئی میں **Super Eight** کے میچ میں بھارت نے زمبابوے کو **72** رن سے ہرا دیا۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM-WEBINAR**

وزیر اعظم نریندر مودی آج صبح ٹکنالوجی، اصلاحات اور وِکست بھارت کیلئے سرمایہ فراہم کرنے کے موضوع پر بجٹ کے بعد کے **Webinar** سے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے خطاب کریں گے۔ اس **Webinar** میں مختلف کلیدی موضوعات پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔ اِن میں عوامی سرمایہ اخراجات، بنیادی ڈھانچے کا فروغ، بینک کاری شعبے کی اصلاحات، مالی سیکٹر کا نظام، سرمایہ مارکیٹس کو مستحکم بنانے اور ٹیکس اصلاحات کے ذریعے رہن سہن میں سہولت پیدا کرنا شامل ہیں۔ یہ پروگرام بجٹ کے بعد

Webinars کے سلسلے کا ایک حصہ ہے، جو مرکزی بجٹ 2026-27 کے تناظر میں اُبھرنے والے ترجیحی شعبوں کے تعلق سے منعقد کیے جا رہے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V/C - Rohan Chauhan

*یہ Webinar اُس سلسلے کا ایک اہم قدم ہے، جس کا مقصد مالی سال 2026-27 کیلئے بجٹ میں کیے گئے اعلانات پر مؤثر اور نتیجہ خیز عمل درآمد میں سہولت پیدا کرنا ہے۔ اس میں ماضی کے تجربات سے سبق حاصل کرتے ہوئے اسے ترتیب دیا گیا ہے۔ ساتھ ہی پالیسی پر عمل درآمد اور حکمرانی کے نظام کو مزید مستحکم بنانے کی خاطر متعلقہ فریقوں سے حاصل ہونے والی رپورٹ کو ملحوظ خاطر رکھا گیا ہے۔ اس تبادلہ خیال میں صنعتوں، مالی اداروں، مارکیٹ، سرکاری محکموں، انضباطی اداروں اور تعلیم کے شعبے کے نمائندے شرکت کریں گے۔ امید ہے کہ اس میں عوامی سرمایہ کاری صلاحیت کو بڑھانے، مالی نظام کو مستحکم کرنے، سرمائے تک رسائی کو وسعت دینے اور اُن اصلاحات کو بڑھاوا دینے پر توجہ مرکوز کیے جانے کی امید ہے، جن سے شہریوں کیلئے رہن سہن کی سہولت مزید بہتر ہو سکتی ہے۔ اس طرح کے صلاح و مشورے کے ذریعے سرکار اس بات کو یقینی بنانے کی خواہشمند ہے کہ مختلف شعبوں میں مربوط انداز سے اقدامات کیے جائیں اور وِکست بھارت کے مقصد کی سمت پیشرفت میں تیزی لائی جائے۔*

*دِلّی سے روہن چوہان کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**PM-ARRIVAL**

وزیر اعظم نریندر مودی اسرائیل کا دو دن کا سرکاری دورہ مکمل کرنے کے بعد نئی دلّی واپس آگئے ہیں۔ جناب مودی کے اسرائیل کے اس تاریخی دورے میں مفید بات چیت ہوئی، مختلف معاملات کے مثبت نتیجے سامنے آئے اور دونوں ملکوں نے باہمی تعلقات کو امن، اختراع اور خوشحالی کیلئے خصوصی کلیدی ساجھے داری کی سطح پر لے جانے کا بہت اہم فیصلہ کیا۔ خوش آئند اور پُرتپاک جذبے کا مظاہرہ کرتے ہوئے اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو اپنی اہلیہ سارہ نتین یاہو کے ہمراہ ہوائی اڈّے پر وزیر اعظم نریندر مودی کو رخصت کرنے کیلئے پہنچے۔×

**PREZ-JAISALMER**

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو آج راجستھان کے جیسلمیر میں بھارتی فضائیہ کی مشق وایوشکتی کا مشاہدہ کریں گی۔ صدر جمہوریہ ریاست کے دو روزہ دورے پر کل شام جیسلمیر پہنچی ہیں۔ وزارت دفاع نے مطلع کیا ہے کہ اس مشق سے پہلے صدر جمہوریہ اندرون ملک تیار کردہ ہلکے لڑاکا ہیلی کاپٹر LCH-پرچنڈ میں پرواز کریں گی۔ قابل ذکر ہے کہ LCH-پرچنڈ بھارت کا

اندرون ملک تیار کردہ پہلا لڑاکا ہیلی کاپٹر ہے، جسے ہندوستان اِروناٹکس لمیٹڈ نے تیار کیا ہے۔ اسے صحراؤں سے لے کر بلند وبالا خطوں تک مختلف علاقوں میں کارروائی کرنے کیلئے ڈیزائن کیا گیا ہے۔

اس کے بعد صدرجمہوریہ شام میں بھارت-پاکستان سرحد کے نزدیک پوکھرن فیلڈ فائرنگ رینج پر بھارتی فضائیہ کے بڑے پروگرام وایوشکتی میں شرکت کریں گی۔ اس تقریب کے دوران بھارتی فضائیہ کے مختلف طیارے کارروائی کی اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں گے۔ صدر جمہوریہ کے علاوہ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور وزیراعلیٰ بھجن لال شرما بھی اس موقع پر موجود رہیں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V-C Jitendra**

*وایوشکتی بھارتی فضائیہ کی سرکردہ جنگی مشق ہے، جس میں کارروائی کرنے کی صلاحیت، خصوصی طور پر نشانہ بنانے اور لڑاکا طیاروں، ہیلی کاپٹروں، ٹرانسپورٹ طیاروں اور میزائل نظام کی کارروائی کرنے کی تیاری کا مظاہرہ کیا جائے گا۔ اس مشق کے دوران، دن اور رات دونوں میں جنگ جیسی صورتحال کے سلسلے میں تال میل پرمبنی فضائی کارروائی کا مظاہرہ بھی کیا جائے گا۔ اس بڑی مشق میں کُل 77 جنگی طیارے اور 43 ہیلی کاپٹر شامل ہوں گے، جن میں رافیل، Sukhoi-30 MK1، میراج-2000، جیگوار اور اندرون ملک تیار کردہ Tejas شامل ہیں۔*

*جے پور سے جتیندر دیویدی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

## NCP-PREZ MAHARASHTRA

مہاراشٹر کی نائب وزیراعلیٰ Sunetra پوار کو متفقہ طور پر اجیت پوار کی قیادت والی نیشنلسٹ کانگریس پارٹی NCP کا قومی صدر منتخب کرلیا گیا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Bhavana**

*کل ممبئی میں منعقدہ پارٹی کے قومی کنوِنشن میں پارٹی کے کارگزار صدر پرفل پٹیل نے اس کا اعلان کیا۔ پرفل پٹیل نے Sunetra پوار کا نام تجویز کیا، جس کی تائید Sunil Tatkare نے کی اور انہیں متفقہ طور پر پارٹی کا قومی صدر منتخب کرلیا گیا۔ پرفل پٹیل نے راجیہ سبھا کے آئندہ انتخابات کیلئے NCP کے امیدوار کے طور پر پارتھ پوار کے نام کا اعلان بھی کیا۔*

*ممبئی سے بھاؤنا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

## PM-TRIBUTE CHANDRASHEKHAR AZAD

وزیر اعظم نریندر مودی نے مجاہدِ آزادی چندر شیکھر آزاد کو اُن کے شہیدی دِوس پر خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ چندرشیکھر آزاد کی زندگی سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ ناانصافی کے خلاف ثابت قدمی سے کھڑے رہنا ہی حقیقی دلیری ہے۔ انہوں نے کہا کہ چندرشیکھر آزاد نے غلامی کی بیڑیوں سے ملک کو آزاد کرانے کیلئے سب کچھ قربان کر دیا اور اُنہیں ہمیشہ اُن کی عظیم قربانی کیلئے یاد رکھا جائے گا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ مادرِ وطن کیلئے مجاہدِ آزادی کی قربانی سے ملک کی ہر آنے والی نسل کو ترغیب ملتی رہے گی۔×

**WB-VOTER LIST**

سپریم کورٹ کی ہدایت پر مغربی بنگال میں نامکمل حتمی ووٹر فہرست کل شائع کی جائے گی۔ اس میں اُن رائے دہندگان کے نام شامل ہوں گے، جن کی دستاویزات اور جانکاری SIR عمل کے تحت اب بھی عدالتی تصدیق کے سلسلے میں زیرِ غور ہے۔ انتخابی کمیشن کے ذرائع کے مطابق SIR عمل شروع ہونے کے وقت ریاست میں رائے دہندگان کی تعداد 7 کروڑ 66 لاکھ سے زیادہ تھی۔ ووٹر فہرست کے مسودے سے تقریباً 58 لاکھ افراد کے نام پہلے ہی ہٹائے جا چکے ہیں۔ اِن میں فرضی ووٹرس کے ساتھ ساتھ ایسے رائے دہندگان کے نام بھی تھے، جن کی موت ہو چکی ہے، یا وہ کہیں اور منتقل ہو گئے ہیں یا لاپتہ ہیں۔ فہرست کے مسودے میں باقی 7 کروڑ 8 لاکھ ووٹرس کے نام حتمی فہرست میں شامل ہوں گے۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**CANADA PM VISIT**

کناڈا کے وزیر اعظم Mark Carney بھارت کے 4 دن کے دورے پر آج ممبئی پہنچ رہے ہیں۔ وزیر اعظم Carney کا بھارت کا یہ پہلا سرکاری دورہ ہوگا۔ اگلے دو دن کے دوران وہ الگ الگ کاروباری پروگراموں میں شرکت کریں گے، بھارت اور کناڈا کے CEOs، صنعتی اور مالی امور کے ماہرین، اختراع کاروں، ماہرینِ تعلیم نیز بھارت میں قائم کناڈا کے پنشن فنڈز کے نمائندوں کے ساتھ گفتگو کریں گے۔ کناڈا کے وزیر اعظم اتوار کو نئی دلّی پہنچیں گے۔ وزیر اعظم نریندر مودی اور کناڈا کے اُن کے ہم منصب دو مارچ کو وفود کی سطح بات چیت کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ V/C - Renuka

*بھارت اور کناڈا کے وزراء اعظم دوطرفہ کلیدی ساجھے داری کے مختلف شعبوں میں اب تک کی پیشرفت کا جائزہ لیں گے۔ دونوں رہنماء اہم شعبوں میں جاری اشتراک کا جائزہ بھی لیں گے، جس میں تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، اہم معدنیات، زراعت، تعلیم، تحقیق، اختراع اور عوام سے عوام کے*

رابطے شامل ہیں۔ دونوں رہنماء علاقائی اور عالمی حالات و واقعات پر تبادلۂ خیال بھی کریں گے۔ جناب مودی اور جناب Carney بھارت-کناڈا CEO فورم میں بھی شرکت کریں گے۔ کناڈا کے وزیر اعظم کا یہ دورہ باہمی تعلقات کو معمول پر لانے کے ایک اہم مرحلے پر ہو رہا ہے۔ اس سے قبل دونوں وزراء اعظم نے ایک دوسرے کی تشویش اور نظریات کے تئیں باہمی احترام کے تناظر میں تعمیری اور متوازن ساجھے داری پر عمل کرنے سے اتفاق کیا تھا۔ اس میں عوام سے عوام کے مضبوط تعلقات اور بڑھتے ہوئے اقتصادی رابطوں کو بھی ملحوظ خاطر رکھا گیا ہے۔

دلّی سے رینوکا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

## AFGHAN-PAK ATTACKS

افغانستان نے کل رات پاکستان کے خلاف ایک جوابی کارروائی کی۔ اس ہفتے کے شروع میں افغانستان کے سرحدی خطوں میں پاکستان کی جانب سے فضائی حملوں کے بعد ایسا ہوا ہے۔ ایک پریس بیان میں افغانستان کی قومی دفاع کی وزارت نے کہا کہ ڈیورنڈ لائن پر شدید حملوں کے تحت پاکستانی فوجیوں کی پوسٹ پر قبضہ کرلیا گیا ہے۔ اس نے کہا کہ کُل 55 پاکستانی فوجی اہلکار ہلاک ہوئے ہیں اور دو اَڈّوں اور 19 پوسٹ پر قبضہ کرلیا گیا ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ اس کارروائی میں ڈیورنڈ لائن پر Paktika، Paktia، Khost، ننگرہار ، کونار اور نورستان کے نزدیک پاکستانی افواج کو نشانہ بنایا گیا تھا۔

افغانستان نے مزید دعویٰ کیا ہے کہ اس کارروائی میں منصوبے کے مطابق کامیابی حاصل ہوئی۔ چار گھنٹے کی اس کارروائی کے دوران افغان فورسز کی جانب سے درجنوں ہلکے اور بھاری ہتھیار، گولہ بارود اور فوجی سپلائی ضبط کی گئی۔×

## PAKISTAN-AFGHANISTAN WAR

طالبان انتظامیہ کی جانب سے یہ کہے جانے کے بعد کہ سرحد پار کارروائی کے دوران اُس کی افواج نے متعدد پاکستانی فوجی اہلکاروں کو ہلاک کیا ہے اور قبضے میں لے لیا ہے، پاکستان نے افغانستان کے خلاف کھلی جنگ کا اعلان کردیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر پاکستان کے وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پاکستان کے صبر کی انتہا ہوگئی ہے اور اب پاکستان اور افغانستان کے درمیان یہ کھلی جنگ ہے۔

پاکستان نے افغان شہروں کو نشانہ بناتے ہوئے فضائی حملے کئے ہیں، جن کابل، قندھار اور Paktia شامل ہیں۔ افغانستان طلبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے پاکستانی حملوں کی تصدیق کی ہے، لیکن کہا ہے کہ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا ہے۔ پاکستان کے وزیر داخلہ محسن نقوی نے فوجی کارروائی کو یہ کہتے ہوئے ایک کرارا جواب قرار دیا ہے کہ پاکستانی سرحد پر فوجی اہلکاروں پر افغان فورسز کے مبینہ حملوں کے بعد پاکستانی فوج نے کارروائی کی ہے۔×

## AI SUMMIT REACTIONS

آرٹیفشل انٹیلیجنس مختلف شعبوں میں یکسر تبدیلی کا باعث بن رہی ہے۔ نئی دلّی میں حال ہی میں اختتام پذیر انڈیا AI امپیکٹ سمٹ-2026 میں اس بات کو اجاگر کیا گیا کہ منوفیکچرنگ اور صحت کی دیکھ بھال سے لے کر زراعت اور لاجسٹک تک کس طرح روبوٹیک نظام صنعتوں کو اَزسر نو تشکیل دے رہے ہیں۔ AI پر مبنی روبوٹ مختلف صلاحیتوں کے حامل ہیں۔

Yongovator کی نمائندگی کرنے والے کارتک پانڈیا نے آ کاشوانی نیوز کو بتایا کہ اُن کی ٹیم نے مدھیہ پردیش کا پہلا 3D-Printed Humanoid Robot پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ روبوٹ لوگوں سے بات چیت کرنے اور مختلف کاموں میں اُن کی مدد کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

**Byte Karthik Pandya**

## ICC-T20 WC

مردوں کے ICC ٹی-ٹوینٹی کرکٹ عالمی کپ میں کل رات چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں Super-Eight کے ایک اہم مقابلے میں بھارت نے زمبابوے کو 72 رن سے ہرادیا۔ بھارت نے زمبابوے کو جیت کیلئے 257 رن کا بڑا نشانہ دیا تھا، لیکن سکندر رضا کی کپتانی میں زمبابوے کی ٹیم مقررہ 20 اوورس میں 6 وکٹ کے نقصان پر 184 رن ہی بنا سکی۔ اس سے قبل زمبابوے نے ٹاس جیت کر پہلے گیندبازی کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔

کولکاتا کے تاریخی ایڈن گارڈن میدان پر اب اتوار کے روز بھارت کا Super-Eight کا آخری مقابلہ ویسٹ انڈیز سے ہوگا۔ اس میچ کے نتیجے پر ٹورنامنٹ میں بھارتی ٹیم کی پیشرفت منحصر ہوگی۔ کل ایک دیگر میچ میں احمدآباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں جنوبی افریقہ نے ویسٹ انڈیز کو 9 وکٹ سے ہرادیا۔×

## IIMC-CONVOCATION

آج نئی دلّی میں انڈین اِنسٹی ٹیوٹ آف ماس کمیونی کیشن IIMC کا 57 واں جلسۂ تقسیم اسناد ہوگا۔ اس تقریب میں نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن شرکت کریں گے۔ IIMC کے چانسلر، اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو اس تقریب کی صدارت کریں گے۔ جلسۂ تقسیم اسناد کے دوران گریجویٹ طلباء کو ڈپلومہ دیئے جائیں گے۔ وزارت نے مطلع کیا ہے کہ ادارے کے سبھی 6 کیمپس کے مختلف کورسوں میں ٹاپ کرنے والے طلباء کو کُل 35 میڈل دیئے جائیں گے، جن میں سے کئی میں نقد انعام بھی شامل ہیں۔ اس موقع پر نائب صدر جمہوریہ نئی دلّی کے IIMC میں نئے اکیڈمک بلاک اور ہوسٹل بلاک کا سنگ بنیاد بھی رکھیں گے۔×

**SRI LANKA PM- INDIA**

سری لنکا کی وزیراعظم Harini Amarsuriya نے بھارت کے ساتھ اشتراک کے سری لنکا کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے مضبوط تجارتی تعلقات، زیادہ سرمایہ کاری اور بھارت سے سیاحوں کی بڑھتی آمد کا خیر مقدم کیا ہے۔ بھارت کے 77 ویں یوم جمہوریہ اور سری لنکا کے 78 ویں یوم آزادی کے موقع پر ایک یادگاری عشایئے سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر Amarsuriya نے کہا کہ جزیریائی ملک، تجارت کے سلسلے میں بھارت سے تعلقات کو وسعت دینے اور سیاحت کے ذریعہ عوام سے عوام کے زیادہ رابطے کا منتظر ہے۔×

**IMD-WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آج پنجاب کے کچھ حصوں میں صبح کے اوقات میں گھنا کُہرا چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کل تک ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور تیز ہوائیں چلنے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کی ایجنسی نے آئندہ پانچ سے چھ روز کے دوران ملک کے شمال مغربی حصوں میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں رفتہ رفتہ دو سے چار ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہونے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: **news on air.com slash urdu** پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... ارجمند علی خان

شکریہ - شگفتہ یاسمین

آج دلّی سے شائع ہونے والے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے وزیر اعظم نریندر مودی کے اسرائیل دورے سے متعلق خبروں کو نمایاں اہمیت دیتے ہوئے اپنے صفحۂ اوّل پر شائع کیا ہے۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی شہ سرخی ہے، مودی اسرائیلی پارلیمنٹ سے خطاب کرنے والے پہلے ہندوستانی وزیراعظم بن گئے۔ وہیں روزنامہ انقلاب نے اسرائیلی پارلیمنٹ سے وزیر اعظم مودی کے اس بیان کو اس شہ سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے کہ ''دہشت گردی کی دنیا میں کوئی جگہ نہیں''۔ وہیں روزنامہ پرتاپ نے اس دورے کے حوالے سے خبر کو اپنے صفحۂ اوّل پر ''مودی کو اسرائیل فلسطین کا اعلیٰ ترین سرکاری اعزاز'' شہ سرخی کے تحت پیش کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب کی ایک خاص خبر یہ بھی ہے کہ مودی 100 بلین انسٹاگرام فالوورز عبور کرنے والے پہلے عالمی لیڈر بنے۔

روزنامہ پرتاپ کے صفحۂ اوّل کی دیگر اہم خبروں میں وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا کا یہ بیان بھی شامل ہے کہ ''چاندنی چوک تاریخ

اور روایت کا حسین سنگم ہے‘‘۔ روڈ ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری کا یہ بیان بھی نمایاں اہمیت کے ساتھ موجود ہے کہ ’’نشے میں گاڑی چلانے پر ڈرائیونگ لائسنس منسوخ ہوگا۔‘‘ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی جمشید پور میں شری جگن ناتھ مندر کی بھومی پوجن میں شرکت کی خبر بھی روزنامہ پرتاپ کے اندرونی صفحات پر موجود ہے۔

اہم بین الاقوامی خبروں کی کچھ اہم شہ سرخیاں اس طرح ہیں:

☆ مارک کارنی کا تجارتی اور دفاعی تعلقات کو مستحکم کرنے کیلئے ہندوستان دورہ۔

☆ امریکہ اور ایران کے درمیان جوہری مذاکرات کا تیسرا دور آج جنیوا میں شروع ہوگا۔×

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج صبح ٹکنالوجی، اصلاحات اور وِکست بھارت کیلئے سرمایہ فراہم کرنے کے موضوع پر بجٹ کے بعد کے Webinar سے خطاب کریں گے۔

2- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج جیسلمیر میں بھارتی فضائیہ کی مشق Vayu Shakti کا مشاہدہ کریں گی۔

3- مہاراشٹر کی نائب وزیر اعلیٰ Sunetra Pawar کو اتفاقِ رائے سے NCP کی قومی صدر منتخب کیا گیا ہے۔ پارٹی نے اجیت پوار کے بیٹے Parth کو راجیہ سبھا سیٹ کا امیدوار بنائے جانے کا اعلان بھی کیا ہے۔

4- کناڈا کے وزیر اعظم Mark Carney بھارت کے 4 دن کے دورے پر آج ممبئی پہنچ رہے ہیں۔

5- افغانستان نے، پاکستان کے خلاف جوابی حملے کیے ہیں۔ پاکستان کے 55 فوجی مارے گئے ہیں، جبکہ دو فوجی اڈّوں اور 19 چوکیوں پر قبضہ کر لیا گیا ہے۔

6- اور مردوں کے ICC ٹی-ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں چنئی میں Super Eight کے میچ میں بھارت نے زمبابوے کو 72 رن سے ہرا دیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---